اوڈیسا اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی کا ہندوستانی جامعات سے اتحاد کا اعلان

حیدرآباد۔20/جولائی (اعتماد نیوز) Odessa State Medical University in Ukraine (Europe) یوکرین (یوروپ) میں واقع راڈیسا اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی نے ہندوستانی یونیورسٹیز کے ساتھ مل کر کام کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات آج یہاں ایک پریس کانفرنس

پروفیسر این ایل آریا یو اور ڈاکٹر ایس دھا کرے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

کے دوران پروفیسر این ایل آریا یو پروریکٹر ایجوکیشن اینڈ ریسرچ اور ڈاکٹر ایس دھا کرے اسسٹنٹ ریکٹر انٹرنیشنل ریلیشن نے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ طب ایک باوقات پیشہ ہے جس کی انسانی زندگی میں کافی اہمیت ہوتی ہے۔ ملک میں اس ڈگری کا حصول کئی طلباء کا خواب ہوتا ہے‘ لیکن متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے اپنے بچوں کو میڈیسن کی تعلیم نہیں دلوا سکتے کیونکہ یہ ان کی دسترس سے باہر ہوتا ہے خانگی کالجس میں فیس اسٹرکچر غیر معمولی ڈونیشن اور محدود نشستیں ہوتی ہیں۔ ان حالات میں طلباء کی کثیر تعداد سالہا سال بڑھتی جارہی ہے اور میڈیسن میں تعلیم کے خواہشمند طلباء بیرون ممالک کا رخ کر رہے ہیں۔ ایسے میں طلباء کا سب سے پسندیدہ ملک اور مرکز اڈیسا اسٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی ہے جہاں 52 مختلف ممالک کے تقریباً 1200 طلباء زیر تعلیم ہیں جن میں سے 500 کا تعلق ہندوستان سے ہے اور 100 آندھراپردیش کے طلباء ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کا قیام 106 سال قبل عمل میں آیا۔ یونیورسٹی نے ملک بھر کے طلباء کی کثیر تعداد کو دیکھتے ہوئے میڈیکل کی تعلیم ذریعہ انگریزی سے بھی شروع کی۔ یونیورسٹی میں 56 ڈپارٹمنٹس ہیں۔ یونیورسٹی میں ٹیوشن فیس سالانہ ایک لاکھ 40 ہزار روپئے وصول کی جاتی ہے۔ اور طعام وقیام کا جمع وخرچ 6 تا 8 لاکھ روپئے ہوتا ہے جو دنیا کے دیگر ممالک کے مقابل یہ کافی کم بتائے جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کئی ایجنسس میڈیکل میں حصول تعلیم کے لئے یوکرین جانے والے طلباء کو گمراہ کر کے میڈیکو کنسلٹنٹ فارمیڈیسن کورس ابراڈ ایک ہی مسلمہ ادارہ ہے جو طلبا کو متذکرہ یونیورسٹی میں داخلہ دلواتا ہے۔ ایک سوال پر کہ آیا طلباء یوکرین اور بالخصوص اس یونیورسٹی کی جانب کیوں راغب ہیں۔ مسٹر آریا یو نے کہا کہ یہاں کا بہترین تعلیمی نظام‘ ملک کی آب وہوا‘ غذا اور حفاظت ان تمام نے طلباء کو اس جانب راغب کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ ملک اور یونیورسٹی خاص طور پر لڑکیوں کے لئے محفوظ مقام مانا جاتا ہے گذشتہ 5 برس کے دوران یہ بات ثابت ہوچکی ہے۔ آج سے 5 برس قبل حصول تعلیم کے لئے آنے والی لڑکیوں کی تعداد 2 تا 3 فیصد ہوچکی ہے۔ پریس کانفرنس میں میڈیکو ابروڈ کے مینجنگ پارٹنر مسٹر راجارام بھی موجود تھے۔

حیدرآباد میں ایل پی جی اور پٹرول کی ویگن آر ڈوو کار کی پیشکشی

حیدرآباد۔21 جولائی (اعتماد نیوز) جدید ویگن آر موٹر گاڑی کو شہر میں آج پیش کیا گیا۔ اس گاڑی میں ویگن آر کے سابقہ ماڈل کے مقابل 10 فیصد ایندھن کی بچت ہوسکتی ہے۔ کمپنی نے ماروتی سوزوکی نے ویگن آر ڈوو کو بھی پٹرول اور ایل پی جی زمروں میں پیش کیا۔ ایل پی جی کی دیکھ بھال کے مصارف پٹرول کی گاڑی کے مقابلہ میں 33 فیصد کم ہونے کا کمپنی نے دعوی کیا ہے۔ اس گاڑی میں سفر کرنے والوں کے لئے آرام کے ساتھ ساتھ کافی گنجائش بھی مہیا کی گئی ہے۔ ویگن آر میں پٹرول ٹینک کے علاوہ ایل پی جی ٹینک بھی موجود ہے۔ جس کی وجہ سے گاڑی نشین 800 کلومیٹر سے زیادہ سفر ایندھن میں دوبارہ اضافہ کے بغیر کرسکتا ہے۔ حیدرآباد میں ویگن آر کے ویگن آر ایل ایکس کی قیمت 328600 روپئے‘ ویگن آر ایل ایکس آئی کی قیمت 348479 روپئے‘ ویگن آر وی ایکس آئی کی قیمت 371366 روپئے رکھی گئی ہے اور نئی ڈوو ویگن آر کے دو ماڈل گاڑیوں کی قیمتیں 345585 روپئے اور 367979 روپئے مقرر کی گئی ہیں۔